نماز حنفی
حضرت مولانا خیر محمد صاحب جالندھری سرہ
تب خانہ شانِ اسلام
مارکیٹ، اردو بازار، لاہور پاکستان
فون: ۷۳۵۱۱۲۰۰

مسلمان طلباء وطالبات اور عام مسلمانوں کے لئے

عکسی

نمازِ حنفی

مُترجم

مرتّبہ

حضرت مولانا خیر محمد صاحب جالندھری قُدس سرہ

کُتب خانہ شانِ اسلام راحت مارکیٹ اردو بازار لاہور پاکستان
فون: ۷۳۵۱۱۲۰۰

فہرست نماز حنفی

مقدمہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ہر مسلمان عاقل بالغ پر پانچ وقت روزانہ نماز پڑھنا فرضِ عین ہے بلکہ سات سالہ بچہ کو زبانی کہہ کر اور دس سالہ بچہ کو مار کر عادی بنانے کے لیے نماز پڑھانا ضروری قرار دیا گیا ہے۔ قرآن مجید اور حدیث شریف اور فقہ میں نماز کی بہت تاکید آئی ہے۔ اور نماز کے ترک کرنے پر بہت وعید آئی ہے۔

ارشاداتِ نبویہ

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ کون سا عمل افضل ہے؟ فرمایا وقت پر نماز پڑھنا۔ (مشکوٰۃ شریف ص۶۱)

فرمایا پانچوں وقت کی نمازیں اور ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک اور ایک رمضان سے دوسرے رمضان تک اپنے درمیان کے صغیرہ گناہوں کے لیے زائل کرنے والے ہیں۔ بشرطیکہ کبیرہ گناہوں سے بچے۔ (مشکوٰۃ شریف ص۵۷)

فرمایا جو شخص نماز کی پابندی کرتا ہے۔ نماز اس کے لیے قیامت کے روز روشنی کا سبب اور ایمان کی دلیل اور نجات کا باعث ہوگی اور جس نے پابندی نہیں کی اس کے لیے نہ تو روشنی کا سبب ہوگی نہ ایمان کی دلیل اور نہ نجات کا باعث، اور قیامت کے دن قارون فرعون اور ہامان و اُبی بن خلف کے ساتھ جہنم میں ہوگا۔

(مشکوٰۃ شریف ص۵۸-۵۹)

آثارِ صحابہ کرامؓ

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے عہدِ حکومت میں حکام کو حکم نامہ تحریری بھیجا کہ میرے نزدیک تمہارے کاموں میں سے زیادہ ضروری کام نماز ہے۔ جو شخص اس پر پابندی اختیار کرے گا وہ دین کا پابند ہو گا اور جو شخص اس کو ضائع کرے گا وہ دوسرے امور کو زیادہ ضائع کرنے والا سمجھا جائے گا۔ (مشکوٰۃ شریف صفحہ ۵۹)

حضرت عبداللہ بن شقیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نماز کے ترک کو کفر کا عمل سمجھا کرتے تھے۔ (مشکوٰۃ شریف صفحہ ۵۹)

بے نمازی کی سزا

بے نمازی چاروں مذہبوں میں سخت سزا کا مستحق ہے۔ امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں بے نمازی کو خوب مارا جائے اور ہمیشہ کے لیے قید کیا جائے۔ جب تک توبہ نہ کرے رہا نہ کیا جائے۔ باقی تینوں امام فرماتے ہیں کہ بے نمازی قتل کیا جائے۔ (رد المحتار صفحہ ۳۲۶)

مسائل

مسئلہ: دن رات میں پانچ نمازیں فرض ہیں فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء۔ اور نماز وتر واجب ہے اور ان پانچ وقتوں میں بارہ سنتیں مؤکدہ اور آٹھ غیر مؤکدہ ہیں۔ ان کے علاوہ باقی نمازیں نفل ہیں۔ اور نوافل کی کوئی تعداد معین نہیں۔ البتہ بعض نوافل کی تعیین اور ثواب حدیث میں خصوصیت سے وارد ہے۔ جیسے تہجد، اشراق اور چاشت وغیرہ۔

مسئلہ: جمعہ کے دن بجائے ظہر کے، شہر اور قصبہ اور ایسے بڑے گاؤں میں جہاں اکثر دکانیں ہوں نمازِ جمعہ فرض ہے۔ (شامی ص [illegible] ج ۱)

مسئلہ: جو گاؤں چھوٹا ہو یا اس میں دکانیں کثیر نہ ہوں تو اس میں بجائے جمعہ کے ظہر باجماعت پڑھنا فرض ہے۔ (فتاویٰ قاضی خان)

مسئلہ جس شخص کی فجر کی سنتیں جماعت میں شریک ہونے کی وجہ سے رہ گئی ہوں اس کو چاہیے کہ آفتاب طلوع ہونے کے بعد دوپہر سے پہلے سنتیں پڑھ لے۔ طلوع آفتاب سے پہلے سنتوں کا پڑھنا جائز نہیں۔ (شامی ص ۱۷۲ ج ۱)

مسئلہ ریل گاڑی میں نماز پڑھنے میں قبلہ رُو ہونا۔ اور طاقتور کو کھڑے ہونا ضروری ہے۔ قبلہ سے منہ پھیر کر اور بلا وجہ بیٹھ کر نماز پڑھنا جائز نہیں۔

(خیر محمد عفا اللہ عنہ چشتی حنفی)

نقشہ تعدادِ رکعات

فرائض و سُنن

نام نماز	فرض	سُنّت مؤکّدہ	سُنّت غیر مؤکّدہ و نفل
فجر	۲ رکعت	۲ رکعت قبل از فرض	----------
ظہر	۴ رکعت	۴ رکعت قبل از فرض ۲ رکعت بعد از فرض	۲ رکعت نفل
عصر	۴ رکعت	----------	۴ رکعت سُنّت قبل از فرض
مغرب	۳ رکعت	۲ رکعت بعد از فرض	۲ رکعت نفل ۶ یا ۲۰ رکعت نفل اوابین
عشاء	۴ رکعت فرض ۳ رکعت وتر واجب	۲ رکعت بعد از فرض	۴ رکعت قبل از فرض ۲ نفل بعد از سُنّت ۲ نفل بعد از وتر
جمعہ	۲ رکعت فرض	۴ سُنّت قبل از فرض ۶ سُنّت یعنی ۴ اور ۲ سنّت بعد از فرض	----------

بعض نصائح ضروری از شیخ المشائخ

حضرت حاجی امداد اللہ قدس سرہ العزیز مہاجر مکی

اول مسائل ضروری و عقائد اہل السنت والجماعت حاصل کرے پھر ان رذائل کو دور کرے۔ حرص، غصہ، جھوٹ، غیبت، بخل، حسد، ریا، کینہ۔ اور یہ اخلاق پیدا کرے۔ صبر، شکر، قناعت، توکل، رضا، شرع کا پابند رہے۔ کسی وقت یادِ الٰہی سے غافل نہ ہو۔ خلافِ شرع فقراء سے بچے۔ اپنے کو سب سے کمتر جانے۔ بات نرمی سے کرے۔ سکوت و خلوت کو محبوب رکھے۔ نہ اتنا کھائے کہ کسل ہو۔ نہ اتنا کم کہ عبادت میں ضعف ہو جائے۔ فقر و فاقہ سے تنگ دل نہ ہو۔ اپنے لوگوں سے نرمی برتے۔ ان کی خطاء و قصور سے درگزر کرے۔ کسی کی غیبت و عیب جوئی نہ کرے، عیب پوشی کرے، اپنے عیوب پیشِ نظر رکھے کم ہنسے، زیادہ روئے۔ عذابِ الٰہی اور اس کی بے نیازی سے لرزاں رہے۔ موت کا ہر وقت خیال رکھے۔ روزانہ اپنے اعمال کا محاسبہ کرتا رہے۔ غیر مشروع مجلس میں نہ جاوے۔ رسوم جہل سے بچے، ان اعمال پر مغرور نہ ہو۔ اولیاء کے مزارات سے شرعی طریقہ پر مستفید ہوتا رہے۔ گاہے گاہے عوام مسلمین کی قبروں پر جاکر ایصالِ ثواب کرے۔ غرباء و مساکین اور علماء و صلحاء کی صحبت رکھے۔ مرشد کا ادب و فرمان کامل طور پر بجا لائے اور ہمیشہ استقامت کی دعاء کرتا رہے۔

اِنتباہ

ہمارے بعض دوستوں کو شکایت ہے کہ نماز میں دل نہیں لگتا۔ اور جس وقت نماز شروع کرتے ہیں تو شیطان اور ہمارا نفس پوری پوری طاقت سے مقابلہ پر آجاتے ہیں جس کی وجہ سے ہزاروں قسم کے وسوسے اور بیسیوں قسم کے خیالات آگھیر لیتے ہیں۔ دل کی توجہ اور روح کا سکون ختم ہو جاتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ بعض مرتبہ یہ بھی یاد نہیں رہتا کہ ہم نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں۔ اور کیا پڑھا اور کیا نہیں پڑھا۔ اور اس پریشانی میں بعض مسلمان یہاں تک گھبر جاتے ہیں کہ وہ مایوس ہو کر نماز ہی چھوڑ بیٹھتے ہیں اور جو نماز نہیں چھوڑتے وہ روحانی سکون اور دلی اطمینان نہ ہونے کی وجہ سے ہمیشہ رنج و غم میں مبتلا رہتے ہیں۔ حالانکہ بالکل صاف اور کھلی ہوئی بات ہے کہ جو چیز انسان کے قبضہ سے باہر ہے انسان اس کا مکلّف ہی نہیں ہوتا اور نہ غیر اختیاری چیزوں کے لیے مذہب اسلام انسان کو مجبور کر سکتا ہے۔ شریعت کے نزدیک خود جان بوجھ کر وسوسہ لانا اور نماز میں اپنے ارادہ سے دوسری طرف توجہ کرنے کی ممانعت ہے۔ لیکن بلا ارادہ خود بخود کوئی وسوسہ آجائے یا بے دھیانی میں توجہ ہٹ جائے تو وہ معاف ہے۔

قلب کا سکون اور روح کی توجہ نماز کی شرطوں میں سے نہیں ہے کہ اس کے بغیر نماز ہی نہ ہو سکے۔ البتہ کمالِ نماز اور جمالِ صلوٰۃ کے لیے پسندیدہ اور خوبی ضرور ہے جس کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے رہنا چاہیے۔ لیکن اگر حاصل نہ ہو تو نماز کو چھوڑا نہیں جا سکتا۔ نماز تو ہر حالت میں پڑھنا ہی ہوگی خواہ دل لگے یا نہ لگے۔ البتہ توجہ اور دل لگانے کے ذریعے بھی استعمال کرتے رہیے تاکہ رفتہ رفتہ آپ کی نماز، نمازِ کامل بن جائے اور دوسرے نمازیوں کی طرح آپ بھی حضورِ قلب اور کامل توجہ سے نماز ادا کرنے کے قابل بن جائیں۔

دین کے بڑے بڑے عالموں نے لکھا ہے کہ اگر نماز میں دھیان بٹنے لگے اور قسم قسم کے خیالات آنے لگیں تو ان کی طرف سے بے توجہی کرنا ہی بہتر ہے ان پر بالکل خیال نہ دو۔ بلکہ نماز کے الفاظ کو سوچ سمجھ کر پوری توجہ سے ادا کرو نماز کی دعاؤں کے معنٰی اور مطلب یاد کر کے ان کی ...ف توجہ رکھو اور خیال رکھو کہ ہم خدا کے حضور میں کھڑے ہیں۔ وہ ہماری مناجات سن رہا ہے اور ہماری ہر حرکت کو دیکھ رہا ہے۔ ہمارا ظاہر اور باطن دونوں اس کے سامنے ہیں۔ اگر کوشش کی جائے تو اس نسخہ پر عمل کر لینے سے چند ہی روز میں خدا سے ہم کلام ہونے کا شرف حاصل ہو سکتا ہے۔ اسی مقصد کے لیے نماز مترجم لکھی گئی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فضیلتِ اسماءِ حسنیٰ

حدیث شریف میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ۹۹ نام ہیں جو کوئی ان کو یاد کرلے جنّت میں داخل ہو گا۔

(مشکوٰۃ)

اس لیے ان ناموں کو تبرکاً سب سے پہلے ذکر کیا جاتا ہے۔

اسماءِ حسنیٰ

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

وہی ہے اللہ ایسا کہ نہیں کوئی معبود مگر وہ

الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ	الْمَلِكُ	الْقُدُّوْسُ
بڑا مہربان	نہایت رحم والا	بادشاہ	پاک
السَّلَامُ	الْمُؤْمِنُ	الْمُهَيْمِنُ	الْعَزِيْزُ
سلامتی دینے والا	امن دینے والا	محافظ	غالب

اَلْجَبَّارُ	اَلْمُتَکَبِّرُ	اَلْخَالِقُ	اَلْبَارِیُٔ
زبردست	بڑائی والا	پیدا کرنے والا	بنانے والا
اَلْمُصَوِّرُ	اَلْغَفَّارُ	اَلْقَهَّارُ	اَلْوَهَّابُ
صورت بنانے والا	نہایت بخشنے والا	زور والا	بڑا دینے والا
اَلرَّزَّاقُ	اَلْفَتَّاحُ	اَلْعَلِیْمُ	اَلْقَابِضُ
رزق دینے والا	فیصلہ دینے والا	جاننے والا	بند کرنے والا
اَلْبَاسِطُ	اَلْخَافِضُ	اَلرَّافِعُ	اَلْمُعِزُّ
کھولنے والا	پست کرنے والا	اونچا کرنے والا	عزت دینے والا
اَلْمُذِلُّ	اَلسَّمِیْعُ	اَلْبَصِیْرُ	اَلْحَکَمُ
ذلت دینے والا	سننے والا	دیکھنے والا	فیصلہ دینے والا
اَلْعَدْلُ	اَللَّطِیْفُ	اَلْخَبِیْرُ	اَلْحَلِیْمُ
منصف	باریک دان	خبردار	بردبار
اَلْعَظِیْمُ	اَلْغَفُوْرُ	اَلشَّکُوْرُ	اَلْعَلِیُّ
بزرگ	پردہ پوش	قدر دان	بلند
اَلْکَبِیْرُ	اَلْحَفِیْظُ	اَلْمُقِیْتُ	اَلْحَسِیْبُ
بڑا	نگہبان	قوت دینے والا	کافی

اَلْجَلِیْلُ	اَلْکَرِیْمُ	اَلرَّقِیْبُ	اَلْمُجِیْبُ
عظیم الشان	کرم کرنے والا	نگہبان	قبول کرنے والا
اَلْوَاسِعُ	اَلْحَکِیْمُ	اَلْوَدُوْدُ	اَلْمَجِیْدُ
کشادہ رحمت	حکمت والا	دوستدار	بزرگ
اَلْبَاعِثُ	اَلشَّہِیْدُ	اَلْحَقُّ	اَلْوَکِیْلُ
اٹھانے والا	گواہ	سچا	ضامن
اَلْقَوِیُّ	اَلْمَتِیْنُ	اَلْوَلِیُّ	اَلْحَمِیْدُ
زبردست	مضبوط	دوست	قابل تعریف ؎
اَلْمُحْصِیْ	اَلْمُبْدِئُ	اَلْمُعِیْدُ	اَلْمُحْیِیْ
گھیرنے والا	نیا پیدا کرنے والا	لوٹانے والا	زندہ کرنے والا
اَلْمُمِیْتُ	اَلْحَیُّ	اَلْقَیُّوْمُ	اَلْوَاجِدُ
مارنے والا	زندہ	تھامنے والا	موجود کرنے والا
اَلْمَاجِدُ	اَلْوَاحِدُ	اَلْاَحَدُ	اَلصَّمَدُ
بزرگی والا	اکیلا	تنہا	بے نیاز
اَلْقَادِرُ	اَلْمُقْتَدِرُ	اَلْمُقَدِّمُ	اَلْمُؤَخِّرُ
قدرت والا	قدرت دینے والا	سب سے پہلے	سب سے پیچھے

؎ قابل تعریف

الاوّل	الآخر	الظّاهر	الباطن
اول	آخر	کھلا ہوا	پوشیدہ
الوالی	المتعالی	البرّ	التوّاب
وارث	برتر	نیک	توبہ قبول کرنے والا
المنتقم	العفوّ	الرّءوف	مالک الملک
بدلہ لینے والا	معاف کرنے والا	بڑا مہربان	سب ملکوں کا مالک
ذوالجلال والاکرام		المقسط	الجامع
بزرگی اور بخشش والا		انصاف کرنے والا	جمع کرنے والا
الغنیّ	المغنی	المانع	الضّارّ
بے پرواہ	آسودہ کرنے والا	روکنے والا	بگاڑنے والا
النّافع	النّور	الہادی	البدیع
نفع دینے والا	روشنی والا	راہ دکھانے والا	پیدا کرنے والا
الباقی	الوارث	الرّشید	الصّبور
ہمیشہ رہنے والا	وارث	نیک راہ بتانے والا	صبر والا

٥ خوشحال کرنے والا

پہلا کلمہ طیب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ

نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے، محمد اللہ کے رسول ہیں۔

فضیلت

حدیث میں ہے جو کوئی صدقِ دل سے اس کلام کو مانے اس پر دوزخ کی آگ حرام ہے۔ (جمع الفوائد ص۶ ج۱)

مگر عمل شرط ہے کیونکہ حضرت وہب بن منبہؒ تابعی سے کہا گیا کہ کیا کلمہ طیب جنت کی کنجی نہیں؟ تو انہوں نے فرمایا ہاں، ہر کنجی کے لیے دندانوں کی ضرورت ہوتی ہے تب تالا کھلتا ہے۔ ورنہ نہیں کھلتا۔ (مشکوٰۃ ص۱۶)

دوسرا کلمہ شہادت

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک

لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ؕ

نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں

تیسرا کلمہ تمجید

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ ہی کیلئے ہے اور نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے

وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا

اور اللہ سب سے بڑا ہے اور نہیں ہے طاقت اور ہر قوت مگر اللہ کے ساتھ

بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

جو بڑی شان والا بڑی عظمت والا ہے۔

چوتھا کلمہ توحید

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ

نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے اکیلا ہے وہ اس کا کوئی شریک نہیں اسی کیلئے بادشاہی ہے

وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ

اور اسی کیلئے سب تعریف ہے وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے نہیں مرے گا

بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اسی کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

فضیلت حدیث شریف میں ہے کہ جس شخص نے بازار میں داخل ہوتے وقت اس کلمہ کو پڑھا اس کے نامۂ اعمال میں ایک لاکھ نیکی رکھی

جاتی ہے اور ایک لاکھ گناہ مٹایا جاتا ہے اور دس لاکھ درجہ بلند ہوتا ہے۔

پانچواں کلمہ سیِّدُ الاِستِغفار

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ

اے اللہ تو میرا رب ہے نہیں ہے کوئی معبود سوا تیرے تو نے مجھے پیدا کیا

وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ

اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد

وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ ج اَعُوْذُبِكَ

اور تیرے وعدہ پر ہوں جہاں تک کہ طاقت رکھتا ہوں پناہ پکڑتا ہوں

مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ

میں تیری اپنے عملوں کی برائی سے میں اقرار کرتا ہوں تیری نعمت کا

عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ

جو مجھ پر ہے اور میں اقرار کرتا ہوں اپنے گناہوں کا سو مجھے بخش دے

لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ

کیونکہ نہیں بخشتا ہے گناہوں کو سوائے تیرے

فضیلت حدیث میں ہے جس شخص نے اس کلمہ کو دن میں پڑھا اور شام سے پہلے فوت ہو گیا تو جنتی ہوگا اور جس نے رات میں پڑھا۔ اور صبح سے پہلے فوت ہو گیا تو جنتی ہوگا۔ (مشکوٰۃ صفحہ ۲۲)

ششم کلمہ ردِّ کفر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ
الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ کسی چیز کو تیرا شریک بناؤں

شَیْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِہٖ وَاَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ
حالانکہ میں اسے جانتا ہوں اور میں معافی مانگتا ہوں اس گناہ سے جسکا مجھے علم نہیں

بِہٖ تُبْتُ عَنْہُ وَتَبَرَّاْتُ مِنَ الْکُفْرِ وَالشِّرْکِ
میں نے اس سے توبہ کی اور بیزار ہوا کفر اور شرک سے

وَالْکِذْبِ وَالْغِیْبَۃِ وَالْبِدْعَۃِ وَالنَّمِیْمَۃِ
اور جھوٹ سے اور غیبت سے اور بدعت سے اور چغلی سے

وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُھْتَانِ وَالْمَعَاصِیْ کُلِّھَا وَاَسْلَمْتُ
اور بے حیائی کے کاموں سے اور تہمت لگانے سے اور باقی ہر قسم کی نافرمانیوں سے اور میں ایمان

وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ
لایا اور کہتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمد ﷺ اللہ کے رسول ﷺ ہیں۔

صفتِ ایمانِ مُفصّل

آمنتُ باللہِ وملٰئکتہٖ وکُتُبہٖ ورُسُلہٖ

میں ایمان لایا اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں پر

والیومِ الآخرِ والقدرِ خیرہٖ وشرّہٖ

اور دن آخرت پر اور اچھی بُری تقدیر پر کہ

منَ اللہِ تعالیٰ والبعثِ بعدَ الموتِ

اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جی اُٹھنے پر مرنے کے بعد۔

صفتِ ایمانِ مُجمل

آمنتُ باللہِ کما ھُوَ باسمائہٖ وَ

میں ایمان لایا اللہ پر جیسے اس کی ذات اپنے ناموں اور

صفاتہٖ وقبلتُ جمیعَ احکامہٖ

صفتوں کے ساتھ ہے اور میں نے قبول کیے اس کے تمام حکم

استنجاء کو جاتے وقت کی دُعاء

بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے یا جنگل میں کپڑا اٹھانے سے پہلے یہ دُعاء پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ

اللہ کے نام سے اے اللہ تحقیق میں پناہ پکڑتا ہوں تیری گندے

الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ ط

جنّوں اور جنّیوں سے

مسئلہ بایاں پاؤں بیت الخلاء میں پہلے داخل کرے اور قبلہ کی طرف منہ اور پیٹھ کر کے نہ بیٹھے۔

استنجا سے فراغت کے بعد کی دعاء

بیت الخلاء اور گندی جگہ سے نکلتے وقت دایاں پاؤں پہلے نکالے اور

پھر استنجاء کا ڈھیلہ پھینک کر یہ دعاء پڑھے۔

غُفْرَانَکَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ

میں تیری بخشش چاہتا ہوں سب تعریف ہے اللہ کے لیے جس نے دور کی

عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ ط

مجھ سے گندگی اور مجھے عافیت عطا فرمائی۔

وضو کے شروع کی دعاء

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

میں شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بخشش کرنے والا مہربان ہے۔

وضو کے درمیان کی دعاء

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ

اے اللہ بخش دے میرے گناہ اور فراخی دے میرے گھر میں

وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ ج اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ

اور برکت دے میرے لئے روزی میں۔ اے اللہ بنادے مجھے توبہ کرنے

التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ

والوں میں سے اور بنادے مجھے پاک صاف بندوں میں سے

(نسائی، ترمذی)

وضو کے بعد کی دعاء

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا

میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں ہے کوئی معبود سوا اللہ کے وہ اکیلا ہے اس کا

شَرِیْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ

کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اس کے بندہ

وَرَسُوْلُهٗ ط اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ

اور رسول ہیں۔ اے اللہ بنادے مجھے توبہ کرنے والوں میں سے

وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ ط سُبْحٰنَكَ

اور بنا دے مجھے پاک صاف بندوں میں سے۔ پاک ہے تو

اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا

اے اللہ اور سب تعریف تیرے لیے ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوا

اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ ط

تیرے میں تجھ سے معافی مانگتا ہوں اور تیرے سامنے توبہ کرتا ہوں۔

طریقہ اذان واقامت

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ط اَشْهَدُ

میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود نہیں سوا اللہ کے میں گواہی دیتا ہوں

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ط اَشْهَدُ اَنَّ

کہ کوئی معبود نہیں سوا اللہ کے میں گواہی دیتا ہوں کہ

مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط اَشْهَدُ اَنَّ

محمد اللہ کے رسول ہیں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ

مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط

محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔ آؤ نماز کی طرف

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط

آؤ نماز کی طرف آؤ خلاصی کی طرف

حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط

آؤ خلاصی کی طرف۔ اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط

نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے۔

فجر کی اذان میں حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط کے بعد اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ ط اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ ط کہے اور اقامت میں قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ ط قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ ط کہے۔

اذان واِقامت کا جواب

مسئلہ اذان واقامت میں جواب کا یہ طریقہ ہے کہ اذان و اِقامت پڑھنے والا جیسے کہے ویسے ہی سُننے والا ساتھ ساتھ آہستہ آہستہ ہر ایک کلمہ کہتا جائے مگر جب وہ کہے حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط یا کہے حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط تو سننے والا کہے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط اور فجر کی اذان میں جب سُنے اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ ط تو سُنے

والا کہے صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ وَبِالْحَقِّ نَطَقْتَ (شامی ج ۱ ص ۲۶۹ مراقی الفلاح ص ۱۱۰) اور اقامت میں جب سُنے قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ تو سُننے والا کہے اَقَامَهَا اللّٰهُ وَاَدَامَهَا۔ (دُرِّ مختار)

مسئلہ اذان میں اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ سُن کر جو انگوٹھے چومنے اور آنکھوں پر لگانے کا رواج ہے ـــــ خلافِ سُنّت رسم ہے۔ اس کو چھوڑ دینا چاہیے۔ جس حدیث کا حوالہ دیا جاتا ہے۔ اس کو علامہ ابنِ طاہر رح نے تذکرہ میں کہا ہے کہ وہ صحیح نہیں، حوالہ کے لیے دیکھو۔

(فوائد المجموعہ فی الاحادیث الموضوعہ ص ۵ مؤلفہ علامہ شوکانی رح)

اذان کے بعد کی دُعاء

دُرود شریف پڑھ کر یہ دُعا پڑھے،

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ

اے اللہ مالک اس اعلان کامل کے

وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ

اور نماز درست کے دے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو

اَلْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا

وسیلہ اور فضیلت اور اٹھا آپ کو مقام

مَّحْمُوْدَا الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا

محمود میں جس کا تو نے وعدہ کیا ہے بے شک تو

تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ط

وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

نماز کی نیت

نمازی رو بقبلہ ہو کر دل سے پختہ خیال کرے کہ میں اس وقت کی نماز خدا کے واسطے پڑھتا ہوں۔ اور اگر مقتدی ہے تو یہ بھی خیال کرے کہ میں پیچھے امام کے ہوں۔ اور اگر قلبی نیت کو پختہ کرنے کی غرض سے زبانی بھی کہہ لے تو مستحسن ہے۔ (شامی ط ۳۸۶ ج ۱)

نماز پڑھنے کا طریقہ

پھر دونوں ہاتھ اس طرح اٹھائے کہ ہتھیلیاں قبلہ رُخ رہیں اور انگوٹھے کانوں کی لَو کے برابر ہو جائے تو کہے۔

تکبیرِ تحریمہ

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط

اللہ سب سے بڑا ہے۔

ثناء

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ

پاک ہے تو اے اللہ اور تعریف تیرے لیے ہے

وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ

اور برکت والا ہے تیرا نام اور بلند ہے بزرگی تیری

وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ؕ

اور نہیں ہے کوئی معبود سوا تیرے

تعوّذ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ؕ

میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ کے شیطان مردود سے

تسمیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

میں شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو بخشنے والا مہربان ہے

فاتحہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱﴾

سب تعریف ہے واسطے اللہ کے جو سب جہانوں کا پروردگار ہے

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۲﴾ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ ﴿۳﴾

بخشش کرنے والا مہربان ہے قیامت کے دن کا مالک ہے

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ ﴿۴﴾

ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝۵ صِرَاطَ

دکھلا ہم کو سیدھا راستہ راستہ

الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ

ان لوگوں کا جن پر تو نے انعام کیا نہ ان لوگوں کا جن پر غضب

عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝۷ اٰمِیْنَ

کیا گیا اور نہ گمراہوں کا قبول کر

پھر ان چھ سورتوں میں سے باترتیب ایک سورت یا ان کے سوا کوئی اور سورت قرآن مجید کی پڑھے۔

سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْن

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ ۝۱

کہہ دیجئے آپ اے کافرو!

لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝۲ وَلَآ اَنْتُمْ

میں نہیں پوجتا جس کو تم پوجتے ہو اور نہ تم

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝۳ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ

عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں اور نہ میں پوجنے والا ہوں

مَّا عَبَدْتُّمْ ۝۴ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ

جس کو تم پوجتے ہو اور نہ تم عبادت کرنے والے ہو جس کی میں

اَعۡبُدُ ۝۵ لَكُمۡ دِيۡنُكُمۡ وَلِیَ دِيۡنِ ۝۶ ع

عبادت کرتا ہوں۔ تمہارے لیے تمہارا دین میرے لیے میرا دین۔

سُورۃ النصر

اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰهِ وَالۡفَتۡحُ ۝۱

جب آئے مدد خدا کی اور فتح ہو (مکیۃ)

وَرَاَيۡتَ النَّاسَ يَدۡخُلُوۡنَ فِیۡ دِيۡنِ

اور دیکھے تو لوگوں کو داخل ہوتے ہیں دین میں

اللّٰهِ اَفۡوَاجًا ۝۲ فَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّكَ

اللہ کے فوج فوج پس پاکی بیان کر ساتھ تعریف پروردگار اپنے کے

وَاسۡتَغۡفِرۡهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝۳ ع

اور بخشش مانگ اس سے تحقیق وہ ہے توبہ قبول کرنے والا

سُورۃ اللہب

تَبَّتۡ يَدَاۤ اَبِیۡ لَهَبٍ

ہلاک ہو جیو دونوں ہاتھ ابی لہب کے

وَّتَبَّ ؕ ۝۱ مَاۤ اَغۡنٰی عَنۡهُ مَالُهٗ وَمَا

اور ہلاک ہو وہ نہ کفایت کیا اس کو اس کے مال نے اور اس کی

كَسَبَ ؕ ۝۲ سَيَصۡلٰی نَارًا ذَاتَ

کمائی نے شتاب داخل ہوگا شعلہ والی آگ

لَهَبٍ ﴿۳﴾ وَّامْرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ﴿۴﴾

میں اور اس کی بیوی لکڑیاں اٹھانے والی

فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ﴿۵﴾

اس کی گردن میں رسّی ہو گی بٹی ہوئی

سورۃ اخلاص

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿۱﴾

کہہ دے وہ اللہ ایک ہے

اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ

اللہ بے نیاز ہے نہ اس نے جنا اور نہ وہ

يُوْلَدْ ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا

جنا گیا اور نہیں ہے اس کے برابر

اَحَدٌ ﴿۴﴾

کوئی

سورۃ الفلق

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿۱﴾

کہہ دے میں پناہ پکڑتا ہوں ساتھ پروردگار صبح کے

مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ

اس چیز کی برائی سے جسے پیدا کیا اور اندھیری رات کی برائی سے

إِذَا وَقَبَ ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي

جس وقت وہ چھا جائے اور گرہوں پر پھونکنے والیوں کی

الْعُقَدِ ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا

برائی سے اور حسد کرنے والے کی برائی سے جب

حَسَدَ ﴿۵﴾

وہ حسد کرنے لگے

سُورَةُ النَّاسِ

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾

کہہ دے میں پناہ لیتا ہوں لوگوں کے رب کی

مَلِكِ النَّاسِ ﴿۲﴾ إِلٰهِ النَّاسِ ﴿۳﴾

لوگوں کے بادشاہ کی لوگوں کے معبود کی

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ﴿۴﴾

وسوسہ ڈالنے والے پیچھے ہٹ جانے والے کی برائی سے

الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ ﴿۵﴾

جو وسوسہ ڈالتا ہے لوگوں کے سینوں میں

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

جنوں سے اور انسانوں سے

پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتا ہوا رکوع کرے اور تین بار یا پانچ بار یا سات بار پڑھے۔

تسبیحِ رکوع	سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ ط	پاک ہے میرا رب بزرگی والا
تسمیع	سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ ط	سُنتا ہے اللہ جو اُس کی تعریف کرے
تحمید	رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ ط	اے ہمارے پروردگار تیرے ہی لیے سب تعریف ہے

پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتا ہوا سجدہ کرے اور تین بار یا پانچ بار یا سات بار پڑھے۔

تسبیحِ سجدہ	سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی ط	پاک ہے میرا پروردگار بلند شان والا

پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتا ہوا آلتی سے بیٹھ جائے پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتا ہوا دوسرا سجدہ پہلے کی طرح کرے پھر دوسرے سجدہ سے بغیر زمین پر ٹیک لگائے سیدھا کھڑا ہو جائے

تشہّد	اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ	تمام قولی عبادتیں اور بدنی اور مالی اللّٰہ کے

وَالطَّيِّبَاتُ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا

کے لیے ہیں اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ پر

النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ط اَلسَّلَامُ

سلام ہو جیو اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں سلام ہو جیو

عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ ط

ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ

میں گواہی دیتا ہوں کوئی معبود نہیں سوا اللہ کے اور میں گواہی دیتا ہوں

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط

تحقیق محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں

درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اے اللہ رحمت بھیج محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى

اور آپ کی آل پر جیسا کہ تو نے رحمت بھیجی ہے

اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ

ابراہیم پر اور ان کی آل پر تحقیق تو

حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ بَارِکۡ عَلٰی

تعریف کے لائق بزرگی والا ہے۔ اے اللہ برکت نازل کر محمد

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

(صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آپ کی آل پر جیسا کہ تو نے

بَارَکۡتَ عَلٰٓی اِبۡرَاھِیۡمَ وَعَلٰٓی اٰلِ

برکت نازل فرمائی ابراہیم پر اور ان کی آل

اِبۡرَاھِیۡمَ اِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ ۝

پر تحقیق تو تعریف کے قابل بزرگی والا ہے

دعا ① اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ ظَلَمۡتُ نَفۡسِیۡ

اے اللہ تحقیق میں نے ظلم کیا اپنی جان پر

ظُلۡمًا کَثِیۡرًا وَّلَا یَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ اِلَّا

بہت ظلم اور کوئی نہیں بخشتا گناہوں کو سوا

اَنۡتَ فَاغۡفِرۡ لِیۡ مَغۡفِرَةً مِّنۡ عِنۡدِکَ

تیرے سو بخش میرے لیے اپنی بخشش

وَارۡحَمۡنِیۡ اِنَّکَ اَنۡتَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِیۡمُ ط

اور رحم فرما مجھ پر بیشک تو ہی بخشنے والا مہربان ہے۔

(۲) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ
اے اللہ میں پناہ مانگتا ہوں تیری قبر کے عذاب

الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ جَھَنَّمَ
سے اور پناہ مانگتا ہوں تیری جہنم کے عذاب سے

وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ
اور پناہ مانگتا ہوں تیری مسیح دجال کے فتنہ سے

وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْیَا وَ
اور پناہ مانگتا ہوں تیری زندگی اور موت کے فتنہ

الْمَمَاتِ ۵ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ
سے اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تیری

الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ (جمع الفوائد صہ ۵۵/۲۴)
گناہ اور قرض سے

تسلیم — اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ دو مرتبہ
تم پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت

دعاءِ قنوت — اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ
اے اللہ ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں

وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ

اور تیری بخشش چاہتے ہیں اور تجھ پر ایمان رکھتے ہیں اور تجھ پر بھروسہ

عَلَيْكَ وَنُثْنِي عَلَيْكَ الْخَيْرَ وَنَشْكُرُكَ

کرتے ہیں اور تیری خوبیاں بیان کرتے ہیں اور تیرا شکر کرتے ہیں ہم

وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ

اور تیری ناشکری نہیں کرتے اور علیحدہ رہتے ہیں اور چھوڑتے ہیں ہم اس کو

مَنْ يَّفْجُرُكَ ط اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ

جو تیری نافرمانی کرے۔ اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں

وَلَكَ نُصَلِّي وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ

اور تیرے ہی لیے نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری ہی طرف

نَسْعٰى وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَكَ

دوڑتے ہیں اور خدمت کرتے ہیں اور تیری رحمت کی امید رکھتے ہیں

وَنَخْشٰى عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ

اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں تحقیق تیرا عذاب

بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ط

کافروں کو پہنچنے والا ہے۔

دُعا بعد سلام

اور ہر فرض نماز کے سلام پھیرنے کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر یہ دُعاء پڑھو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۵ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّیَ الْهَمَّ وَالْحُزْنَ (حصن حصین)

ساتھ نام اللہ کے وہ کہ نہیں ہے کوئی معبود سوا اس کے بڑی بخشش والا مہربان ہے۔ اے اللہ دُور کر مجھ سے فکر اور غم کو

اور جن فرضوں کے بعد سُنتیں پڑھنی ہیں اُن کا سلام پھیر کر یہ مختصر سی دُعاء پڑھو۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (مسلم)

اے اللہ تُو سلامتی دینے والا ہے اور تجھ سے ہی سلامتی ہے تو برکت والا ہے اے بزرگی اور عزت والے

اور اگر کوئی اور دعاء قرآن و حدیث والی بھی پڑھ لی جائے تو بھی کوئی حرج نہیں، بشرطیکہ مختصر ہو۔ (فتاوی عالمگیری صـ ۴۸/ ۱ج)

اور جن فرضوں کے بعد سنتیں ہیں ان میں سنتوں نفلوں سے فارغ ہو کر اور جن فرضوں کے بعد سنتیں نہیں، ان کے سلام پھیرنے کے بعد أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ط تین مرتبہ اور آیت الکرسی اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ اور قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ایک ایک مرتبہ اور سُبْحَانَ اللّٰهِ ط ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ط ۳۳ بار اَللّٰهُ أَكْبَرُ ط ۳۴ بار پڑھو۔ اور ایک مرتبہ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط

(مراقی الفلاح صـ ۷۲)

دُعاء کا طریقہ

یہ یاد رکھو جیسے نماز پڑھی ہے ویسے ہی دُعا مانگو، یعنی جب نماز امام کے ساتھ جماعت کے ساتھ پڑھو تو دُعا بھی امام کے ساتھ مل کر مانگو، اور اپنی سنتیں نفل پڑھ کر فارغ ہو جاؤ۔ تو دُعا بھی اپنی اپنی تنہا مانگا کرو، امام کا انتظار مت کیا کرو۔

مسئلہ: پنجاب کے دیہات میں یہ جو رواج پڑا ہوا ہے کہ مقتدی لوگ سنتیں نفلیں پڑھ کر دعاء کے لیے امام کے انتظار میں بیٹھے رہتے ہیں اور امام اُن کے لحاظ سے باآواز بلند دعا پڑھتا ہے اور مقتدی آمین آمین پکارتے جاتے ہیں یہ رواج سنت طریقہ کے خلاف ہے، بہت سے اچھے اچھے علماء نے اس کو بدعت کہا ہے اس کو چھوڑنا چاہیے (ہزاز یہ سعایہ) تفصیل کے لیے دیکھو رسالہ النفائس المرغوبہ حصہ ۶ مؤلفہ مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب دہلوی۔

دعا مانگنے کا عمدہ طریقہ یہ ہے کہ پہلے ہاتھ اٹھا کر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اور پھر التحیات کے بعد والا یا کوئی درود شریف پڑھو۔ پھر مندرجہ ذیل دعاؤں میں سے جتنی دعائیں دل چاہے پڑھو۔

(۱) رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ
اے رب ہمارے، دے ہمیں دنیا میں بھلائی

فِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ
اور آخرت میں بھلائی اور بچا ہمیں دوزخ کے

النَّارِ ○ (پ۲۔ سورہ بقرہ)
عذاب سے۔

② رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ

اے رب ہمارے نہ پھیر ہمارے دلوں کو بعد ہدایت

هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ

کرنے کے اور دے ہمیں اپنے پاس سے

رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ○ (پ۳ سورہ آل عمران)

رحمت کہ بیشک تو ہی دینے والا ہے

③ رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا سکتہ وَاِنْ لَّمْ

اے ہمارے رب ہم نے اپنی جانوں پر زیادتی کی اور اگر تو ہمیں

تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ

نہ بخشے گا اور ہم پر رحم نہ کرے گا تو ہم نامرادوں میں سے

الْخٰسِرِيْنَ ○ (پ۸ سورہ اعراف)

ہو جائیں گے۔

④ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ

اے ہمارے رب بخش دے ہمیں اور ان بھائیوں کو جو ہم سے

سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ

آگے پہنچے ایمان میں اور نہ کر ہمارے

قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ

دلوں میں کدورت ایمان والوں کے ساتھ اے رب ہمارے

اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

تو بہت مہربان رحم والا ہے۔

۵ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَ

اے رب میرے کر دے مجھے نماز درست رکھنے والا اور

مِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝

میری نسل کو بھی اے رب ہمارے میری دعا قبول کر

رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ

اے رب ہمارے بخشنا مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور تمام مومنین کو

يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝ پ ۱۳ (سورہ ابراہیم)

جس دن حساب قائم ہو

۶ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ

اے اللہ کفایت کر میری ساتھ اپنے حلال کے (بچاکر)

حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَنْ

حرام سے اور غنی کر مجھے ساتھ اپنے فضل کے

مِنْ سِوَاكَ (ترمذی)

اپنے ماسوا سے۔

(۷) اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ

اے اللہ تحقیق ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے بھلائی اس چیز کی جس کا سوال

مِنْهُ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى

کیا ہے تجھ سے تیرے بندے اور تیرے نبی محمد صلی اللہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَعُوْذُبِكَ

علیہ وسلم نے اور ہم تیری پناہ مانگتے ہیں

مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ عَبْدُكَ

برائی اس چیز سے جس سے پناہ مانگی ہے تیرے بندے

وَنَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے

دعا ختم کرتے وقت | صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى

رحمت نازل کرا اے اللہ تمام مخلوق کے

خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ط

سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی اولاد اور آپ کے اصحاب سب پر۔

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ — کہہ کر منہ پر ہاتھ پھیرے

رحم فرما — اے بہت رحم کرنے والے

بعد نماز فجر و مغرب

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

پاک ہے اللہ — اور سب تعریف ہے اس کے لیے

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ — سو مرتبہ — اَللّٰهُمَّ
